کی فراوانی کی وجہ سے انداز بیان اور بھی دلکش ہو گیا ہے۔کتابت اور طباعت کا معیار نہایت ہی عمدہ ہے۔

تلاشِ راہِ حق مرتبہ: جناب اسعد گیلانی۔شائع کردہ مکتبہ رحمانیہ اردو بازار، سرگودھا۔ضخامت ۱۲۵ صفحات۔قیمت ایک روپیہ بارہ آنے۔

جب کوئی انسان زندگی کے ایک انداز کو چھوڑ کر دوسرا انداز اختیار کرنے پر اپنے آپ کو آمادہ کرتا ہے تو اس کے دل میں شکوک و شبہات کے لاتعداد کانٹے چبھنے شروع ہوتے ہیں تقریب قریب یہی صورت حال چوہدری علی احمد خاں صاحب نوراللہ مرقدہٗ، کو پیش آئی۔انھوں نے جس وقت تحریک اسلامی کے اثر کو قبول کیا تو اُن کے دل و دماغ میں ایک زبردست اضطراب پیدا ہوا۔اسی اضطراب کو سکون میں بدلنے کے لیے انہوں نے مختلف مشاہیر علمائے کرام یعنی علامہ سید سلیمان ندوی، مولانا مناظر احسن گیلانی، مولانا منظور نعمانی اور مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی طرف رجوع کیا۔زیرِ نظر کتاب چوہدری صاحب مرحوم کے استفسارات اور علمائے کرام کے جوابات کا ایک بیش قیمت مرقع ہے۔اس کتاب کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مبحث کسی کج بحث کے ٹیڑھے ذہن کی "تخلیقات" نہیں بلکہ ایک سیدھے سادھے متلاشیٔ حق کی قلبی واردات ہیں۔

کتابت اور طباعت کا معیار گوارا ہے۔